SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

# PRESS RELEASE

For immediate release
August 27, 2020

## ایس ای سی پی نے پوسٹل لائف انشورنس کمپنی کو لائف انشورنس کا لائسنس جاری کر دیا

اسلام آباد (اگست 27): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے پاکستان پوسٹ کے ذیلی ادارے، پوسٹل لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کو انشورنس آرڈیننس 2000 کے تحت لائف انشورنس کا لائسنس جاری کر دیا ہے۔ پوسٹل لائف انشورنس 1884 میں قائم کی گئی تھی جو کہ پاکستان پوسٹ سے منسلک ایجنسی کے طور پر کام کر رہا ہے۔

اس قدیم اور اہم ادارے کے گورننس کے ڈھانچے میں بہتری لانے، اس کا دائرہ کار اور اسٹیک ہولڈر کا اعتماد بڑھانے کے لئے، حکومت نے پوسٹل لائف انشورنس کو ایس ای سی پی کے ریگولیٹری دائرے میں لانے کا فیصلہ کیا۔ انشورنس آرڈیننس کے تحت لائسنس حاصل کرنے کے بعد اس ادارہ کے لئے ایس ای سی پی کے کارپوریٹ گورننس اور انشورنس معیارات کے ریگولیٹری فریم ورک اور اینٹی منی لانڈرنگ سے متعلق پروٹوکول کی تعمیل لازم ہو گی جبکہ ریگولیٹری معیارات کا اطلاق پی ایل آئی کو ایک جدید لائف انشورنس کمپنی میں تبدیل کر دے گا جو ملک بھر میں پاکستان پوسٹ کے وسیع برانچ نیٹ ورک کو پوری طرح استعمال میں لائے گا۔

یہ اہم سنگ میل وزارت خزانہ، وزارت مواصلات، پاکستان پوسٹ، فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (ایف ایم یو) اور ایس ای سی پی کے باہمی کاوشوں سے حاصل کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں وزارت خزانہ نے موثر رہنمائی فراہم کی۔ اس ادارے کی کارپوریٹائزیشن اور لائسنسنگ سے نہ صرف ادارے کی موثر نگرانی ہو سکے ت گے بلکہ پوسٹل لائف انشورنس کی وسعت میں اضافے بھی ممکن ہو گا چونکہ پاکستان پوسٹ کے صارفین اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک سارے ملک میں پھیلا ہوا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005